EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

Reception and Integration Agency

لیتھوانیا

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے
- آپ اکیلے یا خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ، اپنے والدین کے بغیر آئے تھے
- آپ نے **لیتھوانیا** میں پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی کہا جاتا) کے لئے درخواست کی ہے۔

URDU

# مشمولات


آپ اس ملک میں محفوظ ہیں 3

آپ کی مدد کون کرے گا؟ 3

نمائندے کا کیا کام ہوتا ہے؟ 3

آپ کی مدد اور کون کر سکتا ہے؟ 4

آپ کو کیا ملے گا؟ 6

صحت کی دیکھ بھال کا حق 8

عملے اور نمائندے کو بتائیں 9

بہترین مفادات کا تخمینہ کیا ہوتا ہے؟ 10

تعلیم کا حق 10

کام کرنے کا حق 11

آپ کی پناہ تلاش کرنے والوں کی دستاویز 11

آپ کہاں ٹھہریں گے؟ 12

اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟ 13

استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ 14

اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ 15

پناہ کے لئے درخواست دینے اور دیگر ممالک جانے کے قواعد 16

اگر آپ کسی دوسرے +EU ملک فرار ہو جائیں تو کیا ہوگا؟ 17

اگر آپ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ کی مدد کون کر سکتا ہے؟ 18

اگر معاونت میں کچھ تبدیلی آئے تو کیا ہوگا؟ 19

رابطے کی تفصیلات 20

## آپ اس ملک میں محفوظ ہیں

آپ نے حکام کو بتایا ہے کہ آپ اس لئے اپنے ملک نہیں جا سکتے کیونکہ آپ کو خطرہ ہے اور آپ نے پناہ کے لئے درخواست دی ہے۔ آپ لیتھوانیا میں پناہ تلاش کر رہے ہیں۔

اگر ہر چیز نئی محسوس ہو رہی ہے تو یہ ایک عام بات ہے۔ آپ اس ملک میں محفوظ ہیں اور آپ اکیلے نہیں ہوں گے۔

## آپ کی مدد کون کرے گا؟

یورپ میں، اگر کسی کی عمر 18 سال سے کم ہوتی ہے، تو اسے بچہ سمجھا جاتا ہے، اور اسے **خاص معاونت** ملنے کا حق ہوتا ہے۔

یہاں آپ کے والدین آپ کے ساتھ نہیں ہیں، اس لئے ایک بڑا، جسے **نمائندہ** کہا جاتا ہے، آپ کی ضروریات میں آپ کی مدد کرے گا۔ یہ شخص حکام سے آزاد ہوتا ہے۔

اگر آپ اب تک اپنے نمائندےسے نہیں ملے ہیں، تو آپ کی جلد ان سے ملاقات کروائی جائے گی۔



اس وقت تک، حکام آپ کی مدد اور آپ کی نمائندگی کی ذمہ داری کسی اور بڑے کو دے سکتے ہیں ۔

## نمائندے کا کیا کام ہوتا ہے؟

آپ کے نمائندے آپ کو آپ کے قیام کے بارے میں سب کچھ سمجھائیں گے اور آپ کو آپ کے سوالات کے جواب ڈھونڈنے میں مدد کریں گے۔ مثال کے طور پر، آپ اسکول کیسے جا سکتے ہیں، آپ ڈاکٹر کے پاس کیسے جا سکتے ہیں، آپ کہاں رہیں گے، آپ اپنے گھر والوں کو کس طرح ڈھونڈ سکتے ہیں، یا ان سے کس طرح رابطہ کر سکتے ہیں۔ دوسرا عملہ بھی آپ کو ان سوالات میں مدد کر سکتا ہے۔

آپ کےنمائندے حکام کو بتائیں گے کہ آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے، آپ کو مشورے دیں گے، اور آپ کو اہم فیصلے لینے میں مدد کریں گے۔

آپ کسی بھی وقت اپنی ضروریات اور خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں اور اپنے نمائندے کو اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنے نمائندے، سے کوئی مسئلہ ہو تو عملے کو بتائیں۔

## آپ کی مدد اور کون کر سکتا ہے؟



- ایک **سماجی کارکن** آپ کی روزانہ کی ضروریات میں مدد کریں گے، یا آپ کے کسی مسئلے کے حل کے لئے دوسرے پروفیشنلز سے بات کریں گے۔
- اگر آپ بیمار ہیں، اگر آپ کو چوٹ لگی ہے یا اگر آپ کو کسی بھی قسم کی طبی مدد کی ضرورت ہے تو ایک **ڈاکٹر** یا **نرس** آپ کی مدد کریں گے۔
- اگر آپ اداس ہیں، آپ کو غصہ آ رہا ہے، آپ کو ڈر لگ رہا ہے، آپ پریشان ہیں، یا آپ کو سونے میں مشکل ہو رہی ہے، تو ایک **ماہر نفسیات** آپ کی مدد کریں گے۔
- ایک **قانونی مشیر** آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کریں گے کہ پناہ کے عمل کے دوران کیا ہوگا۔ وہ آپ کو اس وقت بھی مدد کر سکتے ہیں اگر آپ کو لگے کہ آپ کو آپ کے حقوق نہیں مل رہے۔
- ایک **مترجم** آپ کو ایک ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کریں گے، جو آپ سمجھ سکتے ہیں۔ ان کا کام آپ کی اور دوسروں کی باتوں کا درست ترجمہ کرنا ہے۔

## عمر کا تخمینہ کیا ہوتا ہے؟




اگر آپ یورپ آئے ہیں، لیکن آپ کے پاس ایسا کوئی دستاویز نہ ہو جس سے آپ کی عمر ثابت ہو سکے، اور حکام کو آپ کی عمر پر شک ہو، تو وہ آپ سے ایک عمل میں حصہ لینے کو کہیں گے، جسے **عمر کا تخمینہ** کہا جاتا ہے۔ اس طرح وہ فیصلہ کر پائیں گے کہ آپ بچے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ کو عمر کے تخمینے میں حصہ لینے کو کہا جائے، تو آپ کے نمائندے آپ کو سمجھائیں گے کہ یہ کس طرح ہوتا ہے۔

## اگر آپ اپنے گھر والوں سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟



- اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں، یا آپ کا ان سے رابطہ نہیں ہو رہا، تو آپ اپنے نمائندے سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کو آپ کے گھر والوں کو تلاش کرنے میں مدد کریں گے۔
- اکر آپ جانتے ہیں کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں اور آپ کے پاس ان کی رابطے کی تفصیلات ہیں، تو اگر آپ چاہیں تو عملہ انہیں کال کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔
- اگر یورپ میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد ہے، تو عملے کو اپنے گھر والوں کے بارے میں سب کچھ بتائیں۔

## احتیاط سے کام لیں۔ ہو سکتا ہے کچھ لوگ آپ کو خطرے میں ڈالیں



ہو سکتا ہے کہ آپ یہ ملک چھوڑنے کے بارے میں سوچ رہے ہوں، یا کچھ لوگ آپ کو یہاں سے بھاگنے کے لئے کہہ رہے ہوں۔ یہ آپ کے لئے خطرناک ہو سکتا ہے اور اس سے آپ کی پناہ کی درخواست کے لئے منفی نتائج ہو سکتے ہیں۔

اپنے نمائندے اور عملے سے بات کریں، آپ انہیں صورتحال سمجھا سکتے ہیں اور وہ آپ کو مشورہ دیں گے۔

## آپ کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اور آپ ان کے فیصلے کا انتظار کر رہے ہیں، آپ کو مختلف قسم کی مدد اور سہولیات ملیں گے۔ اسے **استقبال** کہا جاتا ہے۔


آپ بچے بھی ہیں اور پناہ تلاش کرنے والے بھی، اس لئے آپ کے کچھ حقوق ہیں، لیکن ساتھ ہی آپ کو کچھ ذمہ داریاں بھی پوری کرنی ہوں گی۔ اس کتابچے میں ان کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

عملہ آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کو کہے گا کہ آپ کو اس کتابچے میں موجود معلومات مل گئی ہے۔ اگر آپ کو اس کتابچے میں کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنے نمائندے اورعملے سے بات کریں۔

جب تک آپ اس ملک میں رہ رہے ہیں، آپ کے نمئندے اور عملہ آپ کو آپ کے حالات کے مطابق مزید معلومات دیں گے۔ آپ کسی بھی وقت سوالات پوچھ سکتے ہیں۔



## آپ کو کیا ملے گا:



• سونے کے لئے جگہ



• کھانا یا کھانے خریدنے کے لئے پیسے



• ذاتی صحت و صفائی کا سامان



• کپڑے



• روزمرہ کے خرچ کے لئے پیسے

# صحت کی دیکھ بھال کا حق

**حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو ضروری صحت کی دیکھ بھال مل رہی ہے۔**

**آپ عملے اور اپنے نمائندے کو اپنے کسی بھی طبی مسئلے کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔** اگر آپ کو ضرورت پڑے گی تو وہ آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر کے پاس جانے میں مدد کریں گے۔



اگر ڈاکٹر ضروری سمجھیں گے تو وہ دوائیں لکھ کر دیں گے یا آپ کو طبی ماہرین کے پاس بھیجیں گے۔

عملہ اور نمائندہ آپ کو بتائیں گے کہ کیا آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر سے طبی چیک اپ کروانے کی ضرورت ہوگی۔ وہ آپ کی صحت چیک کر کے آپ کو ضروری مدد دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہو یا کوئی چوٹ لگی ہو جس کے لئے فوری علاج ضروری ہو، تو عملے کو بتائیں۔ اگر آپ اس جگہ پر نہ ہوں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، تو آپ ایمرجنسی نمبر 112 پر مفت کال کر سکتے ہیں۔

## اگر ایسا ہو تو عملے اور نمائندے کو بتائیں:






- آپ بیمار ہیں، آپ کو چوٹ لگی ہے، یا آپ کو فوراً طبی مدد یا دوا کی ضرورت ہے
- آپ منشیات استعمال کرتے ہیں یا شراب پیتے ہیں
- آپ کے ساتھ ماضی میں کبھی زیادتی ہوئی تھی یا تشدد ہوا تھا، یا اس وقت آپ کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ خود سے نہیں چل سکتے، یا آپ کو دیکھنے اور سننے میں مشکل ہوتی ہے
- آپ بہت پریشان ہیں، اداس ہیں، آپ کو نیند نہیں آ رہی، یا آپ کو غلط خیالات آ رہے ہیں
- آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ غیر محفوظ ہیں، یا آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے، چاہے آپ اس شخص کو جانتے ہوں یا نہیں
- آپ سے ایسے کام کروائے گئے ہیں یا کروائے جا رہے ہیں جو آپ نہیں کرنا چاہتے
- آپ اپنے مذہب، اپنی محبت، اپنے لباس یا اپنے رویے کی وجہ سے خود کو محفوظ نہیں سمجھتے۔



یاد رکھیں عملہ اور آپ کے نمائندے مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔

## بہترین مفادات کا تخمینہ کیا ہوتا ہے؟

یہ ایک ایسی سرگرمی ہے جس میں آپ دوسرے عملے سے ملیں گے، جو آپ سے سوالات پوچھیں گے، تاکہ:

- وہ آپ کی **ضروریات** سمجھ سکیں
- وہ فیصلہ کر سکیں کہ آپ کو کس **معاونت** کی ضرورت ہے۔

اس سے حکام کے لئے اہم فیصلے، جیسے کہ آپ کہاں رہیں گے، لینے میں مدد ملے گی۔



آپ نرس، ڈاکٹر، عملے اور اپنے نمائندے پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں کچھ بھی بتا سکتے ہیں۔ آپ کی بتائی ہوئی کوئی بھی بات آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے نمائندے کے علاوہ کسی کو بھی نہیں بتائی جائے گی۔ صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو، یا ایسا کرنا قانونی طور پر لازمی ہو۔

اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے نمائندے کو بتایا جائے، یا آپ چاہتے ہیں کہ وہ کچھ نہ کریں، تو عملے کو بتائیں۔ وہ اس بارے میں سوچیں گے اور آپ کے لئے جو صحیح ہوگا، وہی فیصلہ کریں گے۔

## تعلیم کا حق

آپ بچے ہیں، اس لئے آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا اور سیکھنے کا حق ہے۔ اگر آپ اسکول جانا شروع کرتے ہیں، لیکن اس دوران آپ کی عمر 18 سال ہو جاتی ہے، تو آپ تعلیم ختم ہونے تک اسکول جا سکتے ہیں۔

آپ کے نمائندہ اور عملہ آپ کو مقامی اسکول میں رجسٹر کرنے میں مدد کریں گے۔ وہ آپ کی تیاری کے لئے زبان کی کلاسز اور دوسرے کورسز کے بارے میں بھی بتائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو ان میں سے کچھ کورسز لینے کی ضرورت ہو۔



عملہ آپ کو تعلیمی اور تفریحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں گے تاکہ آپ کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور نئے دوست بنانے میں مدد ملے۔

## کام کرنے کا حق

آپ کی عمر اور حالات کے لحاظ سے، اور اگر آپ چاہیں تو آپ کو لیتھوانیا میں کام کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ آپ کے نمائندے اورعملہ آپ کو اس کے بارے میں اور معلومات دیں گے۔





اگر چھ ماہ کے اندر آپ کی اسائلم (پناہ) کی درخواست پر کوئی فیصلہ نہیں ہوتا، اور اس تاخیر میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے، تو آپ لیتھوانیا میں کام کر سکتے ہیں۔



14 سال سے کم عمر کے لڑکوں یا لڑکیوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## آپ کی پناہ تلاش کرنے والوں کی دستاویز

آپ کو ایک ذاتی دستاویز ملے گی جس میں آپ کا نام لکھا ہوگا اور آپ کی تصویر ہوگی۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ لیتھوانیا میں پناہ تلاش کر رہے ہیں۔ یہ ہمیشہ آپ کے پاس ہونا چاہیے۔

**یہ دستاویز بہت ضروری ہے۔ خیال رکھیں کہ یہ آپ سے کھو نہ جائے، اور نہ ہی اسے کسی کو دیں۔**



اس دستاویز کو غیر ملکی کا رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ کہا جاتا ہے۔

# آپ کہاں ٹھہریں گے؟

جب تک حکام آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اس وقت تک آپ کہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ آپ کی عمر اور آپ کی ضروریات کے حساب سے لیا جاتا ہے۔







آپ کے نمائندے اور عملہ آپ کو بتائیں گے کہ **آپ کو کہاں رہنا ہوگا۔**

**آپ کو صرف اسی جگہ پر معاونت اور سہولیات ملیں گی جس کا فیصلہ حکام نے کیا ہوگا۔**

بہت کم ایسا ہوگا کہ بچوں کو ایسے مرکز میں رکھا جائے گا جہاں وہ اپنی مرضی سے آ اور جا نہیں سکیں گے۔ اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے تو آپ کے نمائندے، ایک قانونی مشیر اور عملہ آپ کی مدد کریں گے۔

**آپ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے۔**
**کسی کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ:**



آپ کو ڈرائے دھمکائے    آپ کی توہین کرے    آپ کو نقصان پہنچائے

چاہے وہ کوئی بھی ہو، اور چاہے آپ ان کو جانتے ہوں یا نہیں۔
اگر آپ کو عملے یا اپنے نمائندے سے کوئی مسئلہ ہو تو آپ آواز اٹھا سکتے ہیں۔

## اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟



آپ کسی بھروسہ مند شخص، عملے کے کسی رکن سے، اپنے نمائندے، یا اسٹیٹ چائلڈ رائٹس پروٹیکشن اینڈ اڈاپشن سروس سے بات کر سکتے ہیں۔ ان سے رابطے کی تفصیلات اس کتابچے کے آخر میں دی گئی ہیں۔



اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ لوگ ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کو اس کے بارے میں بتا سکتے ہیں، تاکہ ایسا دوبارہ نہ ہو۔ اسے 'شکایت کرنا' کہتے ہیں۔

**توجہ فرمائیں!**

اگر آپ اس جگہ پر نہ ہوں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، اور آپ کو کوئی خطرہ ہو تو آپ کسی بھی فون سے قومی ایمرجنسی کے نمبر 112 پر کال کر سکتے ہیں۔

## استقبال پر آپ کی ذمه داریاں کیا ہیں؟



آپ کے لئے سچ بولنا اور حکام کے ساتھ تعاون کرنا بہت ضروری ہے، اس وقت بھی اگر آپ کو ڈر لگے، یا آپ کو اپنی بات کہنا مشکل لگے۔ آپ اکیلے نہیں ہیں۔ آپ کے نمائندے اور عملہ آپ کی بات سننے اور آپ کو آپ کی ضروریات میں مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔
اگر عملے کو آپ کے حالات کے بارے میں پتا ہوگا تو وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

آپ جہاں بھی رہیں گے، وہاں کچھ قاعدے ہوں گے۔ مثال کے طور پر، آپ کو اپنے ساتھ رہنے والے دوسرے لوگوں اور عملے کا احترام کرنا ہوگا اور آپ کو خاموش اوقات کے دوران شور مچانے کی اجازت نہیں ہے۔
عملہ آپ کو بتائے گا کہ یہ قاعدے کیا ہیں اور اگر آپ ان پر عمل نہیں کریں گے تو کیا ہوگا۔

آپ کے لئے بہت ضروری ہے کہ:

✔ آپ جہاں ٹھہرے ہیں، وہاں کے قواعد پر عمل کریں

- جگہ کو صاف رکھیں۔
- لڑائی جھگڑا نہ کریں۔
- شراب یا منشیات کا استعمال کبھی نہ کریں۔
- حکام کے ساتھ تعاون کریں۔

✖ آپ کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں فرار نہ ہوں

✔ اس ملک کے قوانین مانیں، جس کے بارے میں عملہ اور آپ کے نمائندے آپ لوگوں کو تفصیل سے سمجھائیں گے۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟



اگر ایسا ہو تو آپ اپنے نمائندے یا ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کے عملے سے کھل کر بات کر سکتے ہیں اور اپنے حالات اور وجہ بتا سکتے ہیں۔

حکام حالات کو دیکھیں گے، اور اس کے بعد اگر وہ کوئی فیصلہ کریں گے، تو وہ آپ کے نمائندے کو بتائیں گے۔

ہو سکتا ہے کہ حکام فیصلہ کریں کہ:

- **آپ کی معاونت کم ہو جائے،** مثال کے طور پر، اگر آپ اس جگہ سے فرار ہو جاتے ہیں جہاں حکام نے آپ کو رہنے کے لئے کہا تھا، یا اگر آپ حکام کے ساتھ تعاون نہ کریں۔



- **آپ کو ملنے والی معاونت اس صورت میں ختم ہو سکتی ہے،** اگر آپ دوسروں پر تشدد کریں یا اگر آپ بار بار اور سنگین طریقے سے اپنی رہائش کے قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ پولیس کو بھی بلایا جائے۔

**اب آپ لیتھوانیا میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیک جمہوریہ، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز (ہالینڈ)، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیہ، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور
- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، لختنشٹائن، ناروے اور سوئٹزرلینڈ۔

## پناہ کے لئے درخواست دینے اور +EU ممالک جانے سے متعلق قواعد




آپ کے نمائندہ **اور عملہ آپ کو یہ اہم قواعد سمجھائیں گے۔ آپ ان سے کسی بھی وقت سوالات پوچھ سکتے ہیں۔**

- ✅ آپ کو لیتھوانیا میں رہنا ہوگا، اور آپ بھاگ کر کسی دوسرے +EU ملک نہیں جا سکتے۔
- ✅ اگر آپ کا کوئی رشتہ دار ان ممالک میں رہتا ہے تو حکام آپ کو آپ کے خاندان سے ملاپ کے حقوق کے بارے میں بتائیں گے۔ فرار نہ ہوں۔
- ❌ اگر آپ فرار ہو جائیں گے تو کچھ منفی نتیجے سامنے آسکتے ہیں، جن کے بارے میں اس کتابچے میں بتایا گیا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کو اس دوسرے ملک میں استقبال کی کم مدد ملے گی۔
- ✅ یاد رکھیں، اگر حکام نے آپ کو کچھ اور نہ بتایا ہو، تو آپ کو اسی +EU ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ سب سے پہلے آئے تھے۔
- ✅ آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری ان میں سے صرف ایک ملک کی ہے۔ لیتھوانیا کے حکام آپ کو بتائیں گے کہ اس کے لئے کونسا ملک ذمہ دار ہوگا۔

آپ کو ان طریقوں کے بارے میں الگ کتابچوں میں بتایا جائے گا۔

# اگر آپ کسی دوسرے +EU ملک فرار ہو جائیں تو کیا ہوگا؟




**لیتھوانیا میں:**

- ہو سکتا ہے کہ آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**دیگر +EU ملک میں:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو اسی +EU ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے۔

حکام کی طرف سے واپس بھیجے جانے کے متعلق فیصلہ ملتے ہی، آپ کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ کو کوئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی اور
- آپ کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

# اگر آپ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ کی مدد کون کر سکتا ہے؟

آپ اپنے نمائندے سے بات کر سکتے ہیں اور سوالات پوچھ سکتے ہیں۔



اپنےنمائندے کے ساتھ آپ کسی قانونی مشیر سے مدد لے سکتے ہیں۔

قانونی مشیر اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے اس ملک کے قاعدے معلوم ہیں اور جو آپ کے حالات سمجھ کر آپ کی مدد کرے گا/گی۔

عملہ آپ کو ان غیر حکومتی اداروں کے بارے میں بھی بتائے گا جو آپ کو معلومات دے سکتے ہیں اور آپ کی مدد بھی کر سکتے ہیں۔




آپ کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ UNHCR ان لوگوں کو محفوظ رکھتی ہے جن کو اپنا ملک چھوڑنا پڑا تھا۔

## اگر معاونت میں کچھ تبدیلی آئے تو کیا ہوگا؟


اگر ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی صفحہ نمبر15 پر بتائی گئی صورتحال کی وجہ سے کچھ قسم کی معاونتیں کم کرنے یا ختم کرنے کا فیصلہ کریں، تو آپ اس کے بعد بھی:



- اسکول جا سکیں گے



- ڈاکٹر یا نرس کے پاس جا سکیں گے اور آپ کو طبی مدد مل سکے گی



- اپنے حالات اور ضروریات کے لحاظ سے مدد لے سکیں گے، یعنی حکام کے فیصلے کے مطابق سونے کے لئے جگہ، اور آپ کو کچھ معاونت ملتی رہے گی (جیسے که *کھانا*]۔

اگر حکام آپ کے کسی دوسری EU+ ملک بھاگ جانے کی وجہ سے آپ کو ملنے والی استقبال کی معاونت ختم کرنے کا فیصلہ کریں، تو آپ کے ذاتی حالات اور آپ کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا که آپ کو کونسی معاونتیں ملتی رہیں گی۔ آپ اس کے بعد بھی اسکول جا سکیں گے۔

## رابطے کی تفصیلات

اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا اگر آپ کو اپنے قیام کے دوران معاونت کی ضرورت ہو، تو آپ یہاں کام کرنے والے عملے سے بات کر سکتے ہیں:

| استقبال کے حکام | |
| --- | --- |
| Reception and Integration Agency | +370 602 49364 info@piia.lt |

| دیگر متعلقہ حکام | |
| --- | --- |
| مائیگریشن ڈپارٹمنٹ | +370 707 67000 info@migracija.gov.lt |

| دیگر متعلقہ حکام | |
| --- | --- |
| سٹیٹ بارڈر گارڈ سروس | +370 707 59305 dvks@vsat.vrm.lt |

آپ ان مسائل سے جڑے سوالات کے لئے ان اداروں سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

## طبی معاونت

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی

📧 info@piia.lt 📞 +370 602 49364

یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں۔



## نفسی سماجی معاونت

بچوں اور نوجوانوں کے لیے گمنام (خفیہ) جذباتی مدد:

116 111 📞 (صبح 11:00 بجے سے رات 00:00 بجے تک) آن لائن چیٹ کے ذریعے مدد (دوپہر 14:00 بجے سے رات 23:00 بجے تک)

www.vaikulinija.lt

کیریٹاس آف ویلنیوس آرک ڈائیوسیس:

📧 kulturunamai@vilnius.caritas.lt

📞 +370 673 48052

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی

📧 info@piia.lt 📞 +370 602 49364

یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں



## بچوں کا تحفظ

**اسٹیٹ چائلڈ رائٹس پروٹیکشن اینڈ ایڈوپشن سروس**

📧 info@vaikoteises.lt 📞 0 800 10 800

اگر آپ خود کو نظر انداز یا خطرے میں محسوس کرتے ہیں تو آپ پیر سے ہفتہ، صبح 8:00 بجے سے رات 20:00 (8:00) بجے تک اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 0 800 10 800 📞

اوقاتِ کار کے علاوہ، تعطیلات (چھٹی کے دنوں) یا سرکاری چھٹیوں کے دوران بچوں کے حقوق کی کسی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دینے کے لیے، براہِ کرم ایمرجنسی نمبر **112** پر ایمرجنسی سروسز سے رابطہ کریں۔

**بچوں اور نوجوانوں کے لیے گمنام (خفیہ) جذباتی مدد:** 116 111 📞

(صبح 11:00 بجے سے رات 23:00 (11:00) بجے تک)



## خطرے کے شکار بچوں کے لئے ہیلپ لائن



اگر آپ خود کو نظر انداز یا خطرے میں محسوس کرتے ہیں تو آپ پیر سے ہفتہ، صبح 8:00 بجے سے رات 20:00 (8:00) بجے تک اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 800 10 800 0
اوقاتِ کار کے علاوہ، تعطیلات (چھٹی کے دنوں) یا سرکاری چھٹیوں کے دوران بچوں کے حقوق کی کسی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دینے کے لیے، براہِ کرم ایمرجنسی نمبر **112** پر ایمرجنسی سروسز سے رابطہ کریں۔
بچوں اور نوجوانوں کے لیے گمنام (خفیہ) جذباتی مدد:
116 111 (صبح 11:00 بجے سے رات 00:00 (12:00) بجے تک)

## قانونی مشاورت، مدد اور نمائندگی



**ریاست کی طرف سے ضمانت شدہ قانونی امداد :**
+370 602 49364 teisines.paslaugos@piia.lt
لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی:
قانونی مشاورت: legal@redcross.lt
خاندان کے افراد اور رشتہ داروں کی تلاش اور ان سے رابطہ کروانا: tracing@redcross.lt

## اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR)

پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔




<u>لیتھوانیا میں UNHCR کے بارے میں - UNHCR لیتھوانیا</u>
نارڈک اور بالٹک ممالک کے لیے یو این ایچ سی آر کی نمائندگی (اسٹاک ہوم، سویڈن): 800 12 10 10 46+ پیر سے جمعہ، اسٹاک ہوم کے وقت کے مطابق صبح 10:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک)
یو این ایچ سی آر کا رابطہ دفتر (ولنیئس، لیتھوانیا): 7416 5210 370+ (پیر سے جمعہ، ولنیئس کے وقت کے مطابق صبح 9:00 بجے سے شام 17:00 بجے تک)

| | |
|---|---|
| لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی: نگرانی | +370 682 16597 stebesena@redcross.lt |
| انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (IOM) ویلنیوس آفس: | رضاکارانہ واپسی میں مدد اور دوبارہ انضمام (سماجی شمولیت) کے لیے امداد: +370 8 001 2342 iomvilnius@iom.int |

اگر آپ کو کوئی صحت کی ایمرجنسی ہو یا آپ کو کسی قسم کا خطرہ ہو تو عملے کو فوراً بتائیں۔ وہ آپ کی مدد کریں گے۔

اگر آپ اس جگہ پر نہ ہوں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، اور آپ کے ساتھ کوئی حادثہ ہو جائے یا آپ خطرے میں تو اس ایمرجنسی نمبر پر مفت کال کر سکتے ہیں:

**طبی ایمرجنسی: 112**

**پولیس: 112**

اگر آپ کے پاس فون نہ ہو، تو آپ کسی کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کے لئے ایمرجنسی نمبر کال کرے۔

Reception and Integration Agency

euaa EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025